# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 6 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

15 منٹ

- کلاس میں کتابیں تقسیم کریں۔ بچوں سے title کے حوالے سے سوال کریں۔ ابراہیم حیدری کے نام سے ان کے ذہن میں کیا آتا ہے کہ یہ کتاب کس بارے میں ہے۔ بچوں کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیجئے۔ اس کے بعد کتاب ابراہیم حیدری کے بارے میں دیا گیا معلوماتی حصہ بچوں کو پڑھائیے۔ مشکل الفاظ اور ان کے معنی بچوں کو بتائیے۔ نقشہ کی مدد سے بچوں کو بتائیے۔

  - ابراہیم حیدری کراچی میں کس جگہ ہے۔
  - ابراہیم حیدری میں کیا کام ہوتا ہے۔
  - ابراہیم حیدری کیوں مشہور ہے۔

15 منٹ

- کہانی پڑھ کر سنائیں۔ کہانی کی پڑھائی کرتے ہوئے بچوں کہ توجہ صفحہ نمبر 25 اور 26 کی تصویروں کی جانب بھی دلائیے۔ ان صفحات میں کشتیاں بننے کے مختلف مراحل دکھائے گئے ہیں۔

  - کشتی کا بیرونی اور اندرونی ڈھانچہ کس طرح تیار کیا جاتا ہے۔
  - اندرونی ڈھانچہ تیار کرتے ہوئے کشتی کو مخصوص شکل دینے کے لئے باریک پٹیاں لکڑی اور لوہے کی فٹ کی جاتی ہیں۔
  - کشتی کے باہر کی ساخت چپٹی پٹیوں سے اس طرح cover کی جاتی ہے کہ سمندر کا پانی اندر نہ رس سکے۔
  - اس کے علاوہ بچوں کو یہ بھی بتائیے کہ جہاز سازی ایک صنعت کی حیثیت رکھتی ہے۔ پاکستان کی بھی ایک بڑی صنعت ہے جس سے ہزاروں لوگوں کا روزگار وابستہ ہے۔

10 منٹ

- کہانی کے درج ذیل الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

  گرما گرم    رنگ برنگی    اچھل کود    جھٹ پٹ    صبح سویرے

## گھر کا کام

5 منٹ
- گھر والوں کو کہانی ابراہیم حیدری پڑھ کر سنائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ
- بچے کتاب ابراہیم حیدری خاموشی سے پڑھیں۔ پھر ٹیچر 6 سے 8 بچوں سے بلند آواز میں کہانی پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بھی بتائیں۔

15 منٹ
- صفحہ نمبر 31 سے 34 تک پڑھائی کرواتے ہوئے بچوں سے پوچھیے۔

- مچھیرے جب سمندر میں مچھلیاں اور جھینگے پکڑنے جاتے ہیں تو اپنے ساتھ کھانے پینے کا سامان اور برف کی سلیں کیوں لے کر جاتے ہیں۔ بچے جو بھی جواب دیں اسے غور سے سنئے۔

**نوٹ:** مچھیرے جب مچھلیاں پکڑنے گہرے سمندر میں جاتے ہیں تو انہیں کئی دن لگ جاتے ہیں۔ اس لئے مچھیرے اپنے کھانے پینے کے سامان کا بندوبست کر کے چلتے ہیں۔ جیسے جیسے مچھلیاں پکڑی جاتی ہیں انہیں برف کی سلوں پر رکھا جاتا ہے۔ اس طرح وہ تازہ حالت میں رہتی ہیں۔ برف مچھلیوں اور جھینگوں کو صحیح حالت میں زیادہ عرصے تک رکھنے میں مدد دیتی ہے۔

15 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر 2 کولم بنائیں ایک میں پانی میں رہنے والے جانوروں کے نام اردو میں لکھیں اور دوسرے کولم میں انگریزی میں لکھیں۔

| اردو | English |
|---|---|
| شارک | shark |
| کیکڑا | crab |
| جھینگا | prawn |
| وہیل | whale |

| اردو | English |
|---|---|
| جیلی فش | jellyfish |
| اسٹارفش | starfish |
| سمندری گھوڑا | sea horse |
| کچھوا | turtle |

## گھر کا کام

5 منٹ
- ابراہیم حیدری کے بارے میں اپنے الفاظ میں مضمون لکھ کر لائیے۔

# سیشن 3

10 منٹ
- کلاس کے 6 سے 8 بچوں سے بلند آواز میں کہانی پڑھوائیے۔

10 منٹ
- بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات زبانی کیجئے۔

- جس بچے کی یہ کہانی ہے وہ بڑے ہو کر کیا کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔
- اس کی دن بھر کی مصروفیات کیا ہوتی ہوں گی۔
- آپ کے خیال میں کیا اس بچے کی زندگی آسان ہو گی یا مشکل۔

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں 2 کولم بنائیں ایک میں اپنے بارے میں لکھیں اور دوسرے کولم میں ابراہیم حیدری میں رہنے والے بچے کے بارے میں لکھیں۔ بچے کا کوئی فرضی نام رکھ لیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- املا کی تیاری کر کے آیئے۔ صفحہ نمبر 1 سے 6 میں سے پیراگراف کا املا لیا جائے گا۔ باقی صفحات سے الفاظ کا املا لیا جائے گا۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 کے لئے ٹیچر کلاس میں جانے سے پہلے پرانے اخبار، رنگین یا سادے کاغذ کا بندوبست کر لیں۔

# سیشن 4


| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔ |
| 10 منٹ | • املا کی اصلاح کروائیں۔ |

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔


| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • پرانے اخبارات، رنگین یا سادے کاغذ کی مدد سے کلاس میں کشتی بنوائیں۔ کشتی بنانے کا طریقہ اگلے صفحے پر دیا گیا ہے۔ |

## گھر کا کام


| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • کہانی کے آخر میں دیے گئے نقشہ کا غور سے مطالعہ کر کے آیئے۔ کلاس میں کام کر وایا جائے گا۔ |




(1)




(2)




(3)




(4)




(5)




(6)




(7)



(8)



(9)



(10)

# سیشن 5

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کتاب کے آخر میں دیئے گئے نقشے (map) کو دیکھیں۔ بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات زبانی کریں۔ سوالات بورڈ پر لکھیں۔ بچے سوال اور جواب اپنی کوپی میں لکھیں۔

1) نقشے میں دیئے گئے تمام علاقوں کے نام کوپی میں لکھیں؟
2) کراچی کی دو بڑی ندیوں کے نام لکھیں؟
3) نقشے میں نیلا رنگ کسے ظاہر کرتا ہے؟
4) نقشے میں دکھائے گئے کراچی کے مشہور ساحلوں کے نام لکھیں۔
5) پاکستان کی مصروف ترین بندرگاہ کا نام لکھیئے۔
6) S-I-T-E میں استعمال کیئے حروف کا کیا مطلب ہے؟
(Sindh Industrial Trading Estate)
7) P.E.C.H.S. کس کا مخفف ہے؟
(Pakistan Employee Co-operative Housing Society)

10 منٹ

- کہانی میں سے الفاظ اور ضد تلاش کرنے کا کام کروائیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| صبح | شام |
| گرم | ٹھنڈا |
| اپنا | پرایا |
| بڑا | چھوٹا |
| تازہ | باسی |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| پرانا | نیا |
| خراب | صحیح |
| مشکل | آسان |
| دوست | دشمن |
| دن | رات |

10 منٹ

- ان میں سے کسی بھی 10 الفاظ کے جملے بنائیں۔

# ابراہیم حیدری

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi:  Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

not for sale